# 20-09-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆مرکزی وزارت اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ حکومت آنے والے دنوں میں عالمی میڈیا انٹرٹمنٹ گیمنگ اور کامک کے شعبہ میں ہندوستان کی شراکت کو بڑھانے پر کام کررہی ہے۔

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سنگارینی ورکروں کے لئے دسہرہ بونس کا اعلان کیا۔

☆مرکزی وزارت خوراک وصحت نے تروپتی لڈو میں جانور کی چربی ملائے جانے کے الزامات پر تفصیلی رپورٹ طلب کی ہے۔

☆مرکزی وزیرمملکت برائے داخلہ نتیا نندرائے نے آئی پی ایس پروبیشنر افسروں پر زوردیا کہ وہ نئے فوجداری قوانین کو اچھی طرح سمجھیں اور مجرموں کوسزا دلانے سے زیادہ جرائم کی روک تھام پر توجہ مرکوز کریں۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد کے ضلع کلکٹر انودیپ دوری سیٹّی نے حکام سے کہا ہے کہ یونین پبلک سول سروس کمیشن کے مین امتحان کے پُرامن انعقاد کو یقینی بنایا جائے۔کلکٹر نے ویمنس کالج کوٹھی کے امتحانی مرکز کا اچانک معائنہ کیا۔اس موقع پر کلکٹر نے کہا کہ آج صبح تین امتحانی مراکز پر منعقدہ پیپروَن ایسّے امتحان میں 674امیدواروں نے شرکت کی جبکہ 33امیدوار غیرحاضر رہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیرخوراک پرہلاد جوشی اورمرکزی وزیرصحت جے پی نڈانے تروپتی لڈو میں جانور کی چربی ملائے جانے کے الزامات پر تفصیلی رپورٹ طلب کی ہے۔ مرکزی حکومت نے آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ چندرابابو نائیڈو کی جانب سے لگائے گئے الزامات کی جانچ کی بات کہی۔ان خبروں نے شردھالوؤں میں تشویش پیدا کردی ہے۔ پرہلاد جوشی نے کہا کہ آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ نے جوبھی الزامات لگائے ہیں وہ شدید تشویش کا باعث ہیں اوراس کی تفصیلی جانچ کرتے ہوئے قصورواروں کو سخت سزادی جانی چاہیے۔مرکزی وزیرصحت جے پی نڈا نے کہا کہ تروپتی لڈو میں جانور کی چربی سے متعلق اطلاعات ملنے کے بعدانہوں نے آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ چندرابابونائیڈو سے بات کی اور تفصیلی رپورٹ طلب کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کی رپورٹ کی بنیاد پر غذائی تحفظ معیارات کے مطابق ضروری کاروائی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیرمملکت برائے داخلہ نتیا نندرائے نے 76ویں آرآر بیچ کے آئی پی ایس پروبیشنر افسروں پر زوردیا کہ وہ نئے فوجداری قوانین کو اچھی طرح سمجھیں اور مجرموں کوسزادلانے سے زیادہ جرائم کی روک تھام پر توجہ مرکوز کریں۔سائبر جرائم میں اضافے کو بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے مرکزی وزیر نے نوتربیت یافتہ آئی پی ایس افسروں پر زوردیا کہ وہ تکنیکی مہارت حاصل کرتے ہوئے اس چیلنج سے موثر طریقے سے نپٹیں۔سردارولبھ بھائی پٹیل نیشنل پولیس اکیڈمی حیدرآباد میں پاسنگ آؤٹ پریڈ کا جائزہ لینے کے بعداپنے خطاب میں نتیانندرائے نے کہا کہ پولیس نظام کومزید مضبوط بنانے کے لئے وزارت داخلہ نے سائبر فارنسک لیب، پولیس ٹکنالوجی مشن اور دیگراقدامات اٹھائے ہیں۔دہشت گردی اور بائیں بازوانتہاپسندی پر تبصرہ کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ اس پر بڑی حدتک قابو پالیا گیا ہے اور افسروں کواس کے مکمل خاتمے کے لئے کام کرنا چاہیے۔اس پریڈ سے 207افسروں کی تربیت مکمل ہوئی ہے۔ جس میں 188 آئی پی ایس افسران، نیپال، بھوٹان اوردیگرممالک سے 19افسران اور58خاتون افسران شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کے سینئر لیڈر مختار عباس نقوی نے ترو پتی لڈو میں جانور کی چربی کے استعمال کی خبروں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ لاکھوں افراد کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچائی گئی ہے اور جو کوئی بھی قصوروار ہوا سے نہیں بخشا جانا چاہیے۔نقوی نے کہا کہ لوگوں کے مذہبی عقیدے پر یہ راست حملہ ہے اور قصواروں کے خلاف سخت کاروائی ہونی چاہیے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ پاور ڈسٹریبیوشن کمپنیوں ڈسکام نے مالیاتی سال 25-2024 کے سالانہ آمدنی ضروریات کے لئے بجلی شرحوں میں اضافے کی تجویز پیش کی ہے۔ تاکہ 1200 کروڑ روپئے کی آمدنی حاصل کرتے ہوئے 14222 کروڑ روپیے کے آمدنی کے خلا کو کم کیا جا سکے۔ جبکہ باقی 13022 کروڑ روپیے کے خسارے کو ریاستی حکومت کی سبسیڈیز سے پورا کیا جائے گا۔ برقی کمپنیوں نے مالیاتی سال 25-2024 کے لئے سالانہ آمدنی کی ضروریات 57857 کروڑ روپیے کا حساب کیا ہے جبکہ متوقع آمدنی 44835 کروڑ روپیے ہے۔1200 کروڑ روپیے کے شرحوں میں اضافے سے آمدنی کے فرق میں کمی کرنا ہے۔ ہائی ٹینشن کنزیومرس کو توانائی اور فکسڈ چارجس میں اضافہ کیا جائے گا۔ 11 کے وی کنزیومر کے مقابلے 33 کے وی اور 132 کے وی کے کم. یومر کے چارجز زیادہ رہیں گے۔ایسے صارفین کے لئے طئے شدہ چارجس میں 475 تا 500 روپئے فی KV اضافہ کیا جائے گا۔ایل ٹی صارفین کیلئے توانائی کے اخراجات میں اضافہ کی تجویز نہیں ہے تاہم 300 سے زیادہ یونٹ استعمال کرنے والوں کی شرح میں اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس نے ریاست بھر کے سرکاری دواخانوں میں طبی خدمات کی سہولیات اور گاندھی دواخانہ میں زچہ اور بچہ کی اموات کی شرح کا جائزہ لینے کیلئے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے کہا کہ گاندھی دواخانہ کے حالات کا جائزہ لینے کے علاوہ کمیٹی دیگر بڑے سرکاری دواخانوں میں مریضوں کو فراہم کی جارہی طبی سہولیات کا جائزہ لے گی۔سابق وزیر صحت ڈاکٹر ٹی راجیا،سینئر ڈاکٹر وکورٹلہ کے رکن اسمبلی ڈاکٹر کے سنجے اور وقار آباد کے بی آر ایس ایم ایل اے ڈاکٹر ایم آنند کو کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ملکاجگیری کے رکن پارلیمنٹ ایٹالہ راجندر نے کہا کہ پردھان منتری وشواکرما اسکیم کے ذریعہ کاریگروں اور فنکاروں کو بااختیار بنانے میں مدد مل رہی ہے۔نیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ حیدرآباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایٹالہ راجندر نے کہا کہ اس اسکیم کے ذریعہ ان کاریگروں کی زندگی میں نمایاں تبدیلی آئی ہے اور ہندوستان کے ثقافتی ورثہ کے تحفظ میں مدد ملی ہے۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں اس اسکیم کے بہتر نتائج دیکھنے کو مل رہے ہیں اور ریاست بھر میں تربیتی پروگرامس منعقد ہو رہے ہیں۔رکن پارلیمنٹ نے کہا کہ تلنگانہ میں ٹیلرس نے سب سے زیادہ رجسٹریشن کرایا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کے ذریعہ جدید آلات کے ذریعہ تربیت فراہم کی جارہی ہے اور مالیاتی مدد بھی دی جارہی ہے۔اس موقع پر پی ایم وشواکرما کے استفادہ کنندگان میں سرٹیفیکٹس بھی تقسیم کئے گئے۔اس تقریب میں نیشنل اسکیل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئر مین جی آر سوریا راج،نیشنل انسٹرکشنل میڈیا انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر سرینواس راؤ بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزارت اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ حکومت آنے والے دنوں میں عالمی میڈیا یا انٹرٹنمنٹ گیمنگ اور کامک کے شعبہ میں ہندوستان کی شراکت کو بڑھانے پر کام کر رہی ہے۔انٹرٹنمنٹ انڈسٹری اور پراڈکشن آفیسر کے مندوبین سے حیدرآباد میں ملاقات کے بعد سنجے جاجو نے میڈیا نمائندوں سے بات کی۔انہوں نے کہا کہ حکومت عالمی سطح پر اے وی جی سی شعبہ میں ہندوستان کی شراکت کو بڑھانے کیلئے کئی ترغیبات دے رہی ہے۔اس کے ذریعہ بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔اس موقع پر سنجے جاجو نے جواہر لال نہرو یونیورسٹی آف آرکیٹکچر آف فائن آرٹس مانصاحب ٹینک حیدرآباد میں منعقدہ ایک روڈ شو میں حصہ لیا۔انہوں نے ورلڈ آڈیو ویژول انٹرٹنمنٹ کانفرنس اور ویووس سمیٹ 2025 کے تعلق سے طلبہ میں بیداری پیدا کی۔اس موقع پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور ریاست کے خصوصی چیف سکریٹری جیش رنجن اور این ایف ڈی سی کے سینئر عہدیدران موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے مختلف مقامات پر آئندہ تین دنوں کے دوران گرج چمک ہوسکتی ہے اور تیس تا چالیس کیلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل سکتی ہے۔محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔اس مہینہ کی 23 تاریخ کو وسط مغربی خلیج بنگال اور دیگر علاقوں میں ہوا کے کم دباؤ کا مرکز قائم ہوسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

کاماریڈی میں اکتوبر کے دوسرے ہفتہ سے دھان کی خریدی کے 351 مراکز قائم کئے جائیں گے۔ضلع کلکٹر آشیش سنگھوان نے بتایا کہ آئی کے پی کے تحت 23 دھان خریدی مراکز اور کاپریٹیو سوسائٹی کے تحت 328 مراکز قائم کئے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر کھیل ڈاکٹر منسوکھ منڈاویا نے گچی باؤلی اسٹیڈیم میں ایک پروگرام میں ایس ٹی سی حیدرآباد کے موجودہ سال کے عالمی چمپئن کھلاڑیوں اور پیرالمپکس میں میڈل حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کو تہنیت پیش کی۔اس موقع پر مرکزی وزیر نے ایس ٹی سی کھلاڑیوں سے تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے اسٹیڈیم میں کھیل کود کی سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔

☆☆☆☆☆

جنسی ہراسانی کیس میں ٹالی ووڈ کے کوریوگرافر جانی ماسٹر کو چودہ دنوں کی عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا ہے۔انہیں چنچل گوڑہ جیل منتقل کردیا گیا۔جانی ماسٹر پر سال 2019 میں پندرہ سالہ نابالغ ڈانسر کو جنسی طور پر ہراسانی کا الزام ہے۔ان کے خلاف پاکسو ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔متاثرہ نے اس مہینہ کی 11 تاریخ کو رائے درگم پولیس اسٹیشن میں مہر بند لفافہ میں اپنی شکایت درج کرائی تھی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرما آرکا نے کہا کہ سری سیلم لیفٹ کنال ٹنل پراجکٹ 2 سال کے اندر مکمل کرلیا جائے گا۔سری سیلم ٹنل کے کاموں کا جائزہ لینے کے بعد قانون ساز کونسل کے چیئرمین گتا سکھیندر ریڈی اور وزراء کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، اتم کمار ریڈی کے ساتھ انہوں نے ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر بھٹی وکرما آرکا نے کہا کہ اگر ایک مہینہ میں چار سو میٹر دکھدائی کی جائے گی تب بیس مہینوں میں ٹنل کی تعمیر کا کام مکمل ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اس پراجکٹ کیلئے چودہ کروڑ روپئے درکار ہوں گے۔نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت نے حتمی مراحل کے پراجکٹوں کو ترجیحی بنیاد پر آئندہ پانچ سالوں کے دوران مکمل کرنے کا پالیسی فیصلہ کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ نے تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے خلاف سال 2015 کے رقم برائے ووٹ کیس کو اے سی بی کورٹ سے تلنگانہ ہائی کورٹ منتقل کرنے سے انکار کردیا ہے۔عرضی گذار بی آر ایس رکن اسمبلی جی جگدیش ریڈی نے عدالت عظمیٰ سے کیس منتقل کرنے کی درخواست کی تھی چونکہ وزیراعلیٰ کی جانب سے اس کیس میں مداخلت کے کوئی شواہد نہیں ملے ہیں اسی لئے سپریم کورٹ نے کیس منتقل کرنے سے انکار کردیا۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سنگارینی ورکروں کے لئے دسہرہ بونس کا اعلان کیا۔حیدرآباد میں میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ سنگارینی ورکروں کو منافع میں حصہ ملے گا۔اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرما آرکا نے کہا کہ سنگارینی ورکروں میں 796 کروڑ روپئے بونس تقسیم کیا جائے گا۔ہر ورکرس کو اوسطاً 1.9 لاکھ روپئے بونس ملے گا۔انہوں نے کہا کہ یہ پہلا موقع ہے کہ کنٹراکٹ ورکروں کو بھی بونس دیا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆